موجودہ حالات میں ملّی اتحاد و متحدہ جدوجہد وقت کا اہم تقاضہ

جماعت اسلامی ہند، حیدرآباد کی عیدملاپ تقریب۔شہر کی معروف شخصیات کی شرکت ومخاطبت

حیدرآباد، 23اپریل۔(پریس نوٹ) امت مسلمہ اس وقت عالمی اور ملکی سطح پر جن سنگین مسائل سے دوچار ہے اس سے نکلنے کی واحد سبیل یہ ہے کہ امت اپنے اتحاد کا عملی ثبوت دے اور مشترکہ مسائل کے حل کے لئے متحد وجدوجہد کا راستہ اپنائے۔ امت واحدہ کے تصور کو عملی جامہ پہنائے بغیر مسلمانوں کیلئے کوئی اور جائے پناہ نہیں ہے۔ یہ مجموعی تاثر جماعت اسلامی ہند حیدرآباد کی جانب سے کل رات مسلم ماڈل اسکول، ٹولی چوکی میں منعقدہ عید ملاپ تقریب میں کی جانے والی تقاریر کے ذریعہ سامنے آیا۔اس تقریب میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ ان میں صحافی، پروفیسرس، ایڈوکیٹس، سماجی جہدکار، اور سماجی و دینی تنظیموں کے ذمہ دار شامل ہیں۔ جناب محمد حسین ، اڈمن سکریٹری کی تلاوت قرآن مجید قرجماتی سے پروگرام کا آغاز ہوا۔ ڈاکٹر سید اسلام الدین مجاہد، سکریٹری رابطہ عامہ، جماعت اسلامی ہند حیدرآباد نے مہمانوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس سال عید ایسے موقع پر آئی ہے کہ فلسطین میں اسرائیل بربریت نے ہزاروں فلسطینیوں کی جانیں لے لی ہیں اور دنیا خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ جناب سلطان ہی الدین ، سٹی سکریٹری جماعت اسلامی ہند، حیدرآباد نے مگر مچھ آنسوں کی مختصر انداز میں پیش کرتے ہوئے بتایا کی جماعت شہر میں کئی سرگرمیاں انجام دے رہی ہے۔ اس میں ملت سے تعاون کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر مصطفیٰ علی سروری، اسوسی ایٹ پروفیسر مانو نے کہا کہ مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کیلئے جدوجہد کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر مخدوم علی الدین، صدر شعبہ اردو، ایم یو نیورسٹی نے کہا کہ حیدرآباد میں ایک معیاری سیول سروس انسٹی ٹیوٹ قائم کیا جائے۔ مولانا ریاض الدین نقشبندی جنرل سکریٹری مسلم یونائیٹڈ فیڈریشن نے جمعہ کے خطبات میں موجودہ حالات پر روشنی ڈالتے ہوئے زور دیا۔ ڈاکٹر یوسف حامدی، نائب صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت نے الیکشن میں متحد ہوکر ووٹ ڈالنے کا مشورہ دیا۔ جناب مجاہد ہاشمی، معتمد مجلس عمل نے ظلم کے خلاف زبردست احتجاج کرنے پر زور دیا۔ جناب محمد عبد العزیز ، صدر ایم جے نے کہا کہ امت نے اپنے امین کو فراموش کر دیا اس لئے ہم بھٹک رہے ہیں۔ پروفیسر ایم ایم انور نے مسلمانوں کو اپنی تعلیمی پالیسی بنانے پر زور دیا۔ جناب سید جعفر حسین ، ایڈیٹر روزنامہ صدائے سنّتی نے غزہ کی صورت حال پر تبصرہ کرتے ہوئے فلسطینیوں کی مدد کو لازمی قرار دیا۔ جناب ایم ایف سلیم ، اگزیکٹیو ایڈیٹر روزنامہ ہندی ملاپ نے کہا کہ اسلام کی تعلیمات کو دیگر برادران وطن تک پہنچایا جائے تاکہ غلط فہمیوں کا ازالہ ہوسکے۔ جناب سید شہود امین ، وائس چیئرمین سکندرآباد بینک، جناب عبدالسمیع سکریٹری آمنیا، جناب عارف قاضی ایڈوکیٹ اور دیگر نے بھی مخاطب کیا۔ جناب حافظ رفیق احمد، صدر جماعت الہدیٰ سعید آباد، ممتاز ادیب ڈاکٹر عابد معز کے علاوہ دیگر اہم شخصیتیں موجود تھیں۔ ڈاکٹر محمد مثنیر احمد، ناظم شہر جماعت اسلامی حیدرآباد نے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جن تجاویز کو یہاں پیش کیا گیا ہے اس پر جماعت غور وخوض کرکے عمل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت کاسب سے بڑا چیلنج فکری یلغار ہے اس سے نبرد آزما ہونے کیلئے صاحبان علم وفکر وعمل کو آگے آنا چاہیئے۔ جناب تنویر الدین نے مسلم ماڈل ٹولی چوکی کا تعارف پیش کیا۔ جناب محمد منظور احمد نے پروگرام کی کارروائی چلائی۔

مسلمانوں میں بچوں کی پیدائش پر مودی کا بیان افسوسناک

مولانا حمید الدین حسامی عاقلؒ جیسے مرد مجاہد عالم کی آج اشد ضرورت: مولانا محمد ریاض احمد حسامی

حیدرآباد،23اپریل۔(راست) پارلیمانی انتخابات کے سلسلہ میں راجستھان کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے مسلمانوں کو زیادہ بچے ہونے پر طنز کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کانگریس اقتدار میں آتی ہے تو یہ جماعت ملک کی دولت ان لوگوں میں تقسیم کردے گی جن کے زیادہ بچے ہیں۔ اس بیان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مولانا محمد ریاض احمد قادری حسامی (ناظم مدرسہ اسلامیہ ریاض العلوم) نے اپنے صاحقی بیان میں کہا کہ عین انتخابات سے قبل مسلمانوں کیخلاف کھل کر اسطرح کی نفرت انگیز تقریر پرہندی کو مزید فروغ دینے کا کام کررہی ہے۔اسطرح کے بیانات ووٹ حاصل کرنے کیلئے ایک مخصوص طبقہ بالخصوص مسلمانوں کیساتھ زیادتی ہے۔ مولانا محمد ریاض احمد نے توجہ دلاتے ہوئے کہا کہ علماء، مسلم قائدین و دانشوران قوم وملت کو چاہئے کہ اس بیان کی کھل کر مذمت کریں۔ شہر حیدرآباد کے اکابرین نے ماضی میں اس طرح کے بیانات یا سوشیو میم کے خلاف سخت سے احتجاج کیا تھا جس سے حکومت فیصلے تبدیل کرنے پر مجبور ہوجاتی تھی۔ ایمرجنسی کے دور میں فیملی پلاننگ کے سلسلہ میں ڈاکٹر فخر الدین علی احمد نے علماء اور قائدین کا ایک اہم اجلاس طلب کیا تھا۔جس کا مقصد تھا کہ عوام اہل علم ودانش کو ہم خیال بنایا جاے۔ ڈاکٹر فخر الدین نے پُرزور تقریر کی اور کہا کہ قرآن وحدیث میں کہیں بھی نس بندی سے نہیں روکا گیا۔ حاضرین خاموش تھے۔ یہاں کوئی جرأت مندانہ اقدام شیر کے منہ میں ہاتھ ڈالنے کے برابر تھا۔مصلحت کا تقاضہ بھی تھا لیکن مولانا مرحوم حمید الدین حسامیؒ عاقل اُٹھ کھڑے ہوئے اور نہایت بے باکی سے کہا کہ اُس بندی کا عمل مفاد ِ اسلام ہے اور نصوص صریحہ سے مدلل کرکے صدر جمہوریہ ڈاکٹر فخر الدین علی احمد کو لاجواب کردیا۔ مرکزی حکومت نے نفرہ دیا تھا ''اگلا پچھلی نہیں، دو کے بعد بھی نہیں'' جوابی نعرہ دینا اتنا آسان نہیں تھا،مگر مولانا عاقلؒ نے کسی کی بھی پرواہ کے بغیر جوابی نعرہ دیا کہ ''اگلا بچہ ابھی ابھی، بارہ کے بعد بھی نہیں'' ۔ پھر تھا یا کوئی اسرائیل کا شور جس کی گونج پورے ملک میں پھیل گئی اور ایک کہرام سا مچ گیا۔ وہ صرف فخر نہ تھا، مجرد نہیں تھا، بلکہ انہوں نے باقاعدہ ڈم چلائی۔ جس کی پاداش میں آپ کو قید وبند کی صعوبتیں بھی برداشت کرنی پڑیں۔ مرکزی حکومت حرکت میں آگئی اور مولاناؒ کی گرفتاری عمل میں آئی۔ تقریباً 9 مہینے سے زائد مولاناؒ عاقل کوجیل میں رکھا گیا اور اسی دوران آپ کی اچانک موت کا بھی انقبال ہوگیا۔ بالآخر حکومت کو اس مہم کے آگے جھکنا پڑا اور نس بندی کی مہم ختم کردی گئی۔ مولانا محمد ریاض احمد نے کہا کہ انتخابات کا موقع ملک کے دستور اور آئینی حقوق کی حفاظت کیلئے غنیمت ہے جس کے لیے تحت حق رائے دہی سے کسی بھی فرد کو نہیں موڑنا چاہیئے بلکہ ہر شخص سیکولر طاقت کو مضبوط کرنے اور ملک ودستور کی حفاظت کیلئے اپنے ووٹ کا استعمال کریں۔ برنٹھ کنٹرول تحریک پر تبصرہ کرتے ہوئے مولانا عاقلؒ نے فرمایا تھا کہ آج اس تحریک سے خود عورت بھی پریشان ہے اور زبان حال سے کہہ رہی ہے، کہیں یہ حکومت ہر اسکیم مرداں میں روزہ تو مجبور کو ہے اور ان کو دوراں میں۔

کل جامعۃ المؤمنات، مغلپورہ میں خواتین عازمین حج کا سیمینار

حیدرآباد، 23اپریل۔ (راست) تلنگانہ ہج کمیٹی کے زیر اہتمام ایک روزہ خواتین عازمین حج سیمینار جامعۃ المؤمنات مغلپورہ میں 25/اپریل بروز جمعرات دوپہر دو بجے دن تا ظہر مغرب مقرر ہے، سیمینار کا افتتاح دعا کیے گئے حضرت مولانا سید شاہ غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدر نشین ریاستی ہج کمیٹی تلنگانہ سے ہوگا جناب شیخ لیاقت حسین ایگزیکٹیو آفیسر تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی ، جناب الحاج عرفان شریف بحیثیت مہمانان خصوصی شرکت کریں گے۔ اس سیمینار کی صدارت ڈاکٹر مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث جامعۃ المؤمنات کریں گیں۔ سیمینار کا آغاز مفتیہ حافظہ ریحانہ افشین کی قرأت ، ڈاکٹر مفتیہ تہمینہ حسین مؤمناتی شیخ الادب جامعۃ المؤمنات کی نعت شریف سے ہوگا، نظامت کے فرائض مفتیہ حافظہ فریعہ نورین مؤمناتی انجام دیں گیں۔ ڈاکٹر مفتیہ ناظمہ عزیزہ مناتی شیخ الفقہ وصدر مفتیہ مسائل حج پر روشنی ڈالیں گیں ، ڈاکٹر مفتیہ فریدہ ماہو مؤمناتی مناسک حج بیان کریں گیں ، ڈاکٹر مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث مدینہ شریف کی حاضری پر روشنی ڈالیں گیں۔ ڈاکٹر حافظہ محمد صابر پاشاہ قادری خطیب وامام مسجد حج ہاؤز خیر مقدمی کلمات اور ڈاکٹر مفتی حافظہ محمد منشان علی قادری بانی وناظم اعلیٰ کلمات تشکر ادا کریں گے۔ اختتام سیمینار پر خواتین مفتیات مسائل حج سے متعلق سوالات کے جوابات دیں گیں۔ خواتین عازمین حجاج سے شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

تلنگانہ حج کمیٹی کا عازمین حج کانواں تربیتی اجتماع ' مسجد تبلیغی جماعت مرکز شاہین نگر میں مولانا سید شاہ افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدر نشین حج کمیٹی مخاطب کرتے ہوئے۔ تصویر میں جناب محمد لئیق رکن حج کمیٹی، مولانا شیخ مبشر مومن مدنی، حافظ مولانا محمد عبدالرشید ظفر نعمانی دیکھے جاسکتے ہیں۔

دوا خانہ عثمانیہ کیلئے وہیل چیرس کا عطیہ

حیدرآباد،23اپریل۔(نیوز کلب) دواخانہ عثمانیہ کو گھداوری ڈرگس لمیٹڈ سے روگی سہایتہ ٹرسٹ کے ذریعہ 20 پہیوں والی کرسیوں اور بلڈ پریشر آلات کا عطیہ موصول ہوا۔ آنہیں سنٹرنڈنٹ دواخانہ عثمانیہ ڈاکٹر بی اگنیندر نے ٹرسٹ کا شکریہ ادا کیا۔ ارکان ٹرسٹ نے کہا کہ انہیں خوشی محسوس ہورہی ہے کہ وہ غریب مریضوں کیلئے رضاکارانہ خدمات انجام دے رہے ہیں اور اس کے ایک حصہ کے طور پر عطیہ جات دے رہے ہیں۔

حیدرآباد میں مہنگے گھروں کے زیادہ خریدار

حیدرآباد،23اپریل۔(نیوز کلب) حیدرآباد میں مارچ کے دوران زائد از 4000 کروڑ روپے کی مالیت کی جائیدادوں کی فروختگی عمل میں آئی۔ نائیٹ فرینک انڈیا کے سروے کے مطابق مارچ میں 6416 رہائشی املاک کا رجسٹریشن ہوا جو گزشتہ سال اسی مدت کے مقابلہ میں 12 فیصد اضافہ ہے۔ جن گھروں کا رجسٹریشن ہوا اس میں سے 70 فیصد 1000 تا 2000 مربع فیٹ کے سائز کے گھر ہیں جبکہ 16 فیصد جائیدادوں کی قیمت ایک کروڑ روپے ہے۔ 25 لاکھ روپے تا 50 لاکھ روپے کی مالیت کی جائیدادیں بھی فروخت ہوئیں۔

حیدرآباد کے صارفین کیلئے عثمان ساگر اور حمایت ساگر کا پینے کا پانی

حیدرآباد،23اپریل۔(نیوز کلب) حیدرآباد میٹرو پولیٹن واٹر سپلائی اینڈ سیوریج بورڈ کی جانب سے عثمان ساگر اور حمایت ساگر سے پانی حاصل کیا جارہا ہے تاکہ حیدرآباد کے صارفین کی پینے کے پانی کی ضروریات کی تکمیل ہوسکے کیونکہ درجہ حرارت میں اضافہ کے پیش نظر پانی کی مانگ بڑھ گئی ہے۔ محکمہ آبرسانی کی جانب سے عثمان ساگر سے 40 ملین گیلن اور حمایت ساگر سے 15 گیلن پانی حاصل کرنے کا منصوبہ بنایا جارہا ہے۔ گرمو جودہ طور پر عثمان ساگر سے 19 ملین گیلن اور حمایت ساگر سے 7 ملین گیلن پانی حاصل کیا جارہا ہے۔

گرمائی تعطیلات میں اپنی اولاد کو دینی تعلیم دلوائیں

دور حاضر میں دین سے مضبوطی کیساتھ جڑے رہنے کی ضرورت

معتمد سراج العلماء اکیڈیمی مولانا محمد زعیم الدین حسامی کا بیان

حیدرآباد،23اپریل۔(راست) معتمد سراج العلماء اکیڈیمی مولانا محمد زعیم الدین حسامی نے اکیڈیمی کے ماہانہ اجلاس میں کہا کہ دین اسلام ایک پاکیزہ مذہب ہے۔ اسلام ہی وہ واحد مذہب ہے جس میں سب کے حقوق بتادیے گئے ہیں کسی پر کس کے کیا حقوق ہیں ۔ ماں باپ، عزیز واقارب ، دوست احباب ، رشتہ دار، پڑوسی ، بڑوں کا ادب اور چھوٹوں پر شفقت سب واضح طور پر حقوق بتادیے گئے ہیں۔ اب والدین پر سنگین ذمہ داری ہیں کہ وہ اپنی اولاد کو دینی معلومات سے واقف کروائیں مخصوص وہ مسلم نوجوان جو عصری تعلیم حاصل کرنے والے ہیں ۔ اب چونکہ اسکولس کو سالانہ گرمائی تعطیلات مل چکے ہیں لہذا والدین ان تعطیلات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنی اولاد کو دینی گرمائی کورسس میں داخلہ دلوائے یا اپنے گھر پر ہی مناسب انتظام کے ذریعہ انہیں دینی تعلیم سے واقف کرائیں۔ والدین سال کے گیارہ مہینے کچھ نہ کچھ امتحانات کی تیاری کا عذر پیش کرتے رہتے ہیں۔ لیکن یہ ان کی اولاد کیلئے ایک بہترین موقع ہے کہ وہ ان گرمائی تعطیلات سے فائدہ اٹھائیں۔ موجودہ حالات میں مسلمانوں کو دین سے مضبوطی کے ساتھ جڑے رہنے کی اشد ضرورت ہے۔ اور کہا کہ اگر آج ہم اپنی نسل کو دین نہیں بتائیں گے تو آگے والوں کن ایسلئے بتائیں گے ثابت ہوگئا ہے۔ کیونکہ اسلام دشمن طاقتیں بڑی قوت کے ساتھ اور بڑے اداروں کیساتھ اسلام اور مسلمانوں کو منانے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ لیکن افسوس کہ ہم خواب غفلت میں بیٹھے ہیں۔ اور یہ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ ہم کچھ وقت کیلئے شادی اور ولیمہ میں لاکھوں روپے خرچ کرتے ہیں لیکن دینی تعلیم کے حصول کیلئے کچھ وقت اور دولت خرچ نہیں کرتے۔ جس کا نتیجہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ دین سے دوری کی وجہ سے کئی مسلم لڑکیاں غیر مسلم لڑکوں کیساتھ نظر آرہی ہیں۔ جسکے سبب سارا مسلم معاشرہ بدنام ہورہا ہے۔ اس برائی کے ذمہ دار اور اسلامی معاشرے کو بدنام کرنے کے اہم ذمہ دار وہ والدین اور سرپرست ہیں جنھوں نے مخدود دین سیکھا ہے اور نہ ہی اپنی اولاد کو دینی تعلیم دلوائی ۔ دوٹوک الفاظ میں کہا کہ اسی دین اسلام کی حفاظت کی خاطر ہمارے اکابرین نے اپنی جان کی ، اپنے مال کی اور اپنی اولاد کی تک قربانیاں دے کر دین ہم تک پہنچایا ہے۔ کیا اسلام کی خاطر سب سے پہلے شہید ہونے والی صحابیہ حضرت بی بی سمیہؓ کی عظیم شہادت کو مسلمان بھول گئے ؟۔ کیا سیدنا یاسرؓ کی شہادت کو ہم بھول گئے ۔ کیا محسنہ اُمت ام المومنین حضرت بی بی خدیجہ الکبریٰؓ کی عظیم قربانیوں کو ہم بھول گئے ؟۔ کیا اسلام کی پہلی جنگ غزوۂ بدر میں شہید ہونے والے چودہ صحابہ کی عظیم شہادتوں کو ہم بھول گئے ؟۔ کیا غزوۂ اُحد کے سید الشہدا ، سیدنا امیر حمزہؓ کی وہ عظیم شہادت کو ہم بھول گئے ؟۔ کیا بی بی عائشہؓ کے والد، بھائی ،شوہر اور بیٹے کی غزوۂ اُحد میں شہادتوں کو ہم بھول گئے ؟۔ کیا صدیق اکبرؓ کی جان ومال کی قربانیوں کو مسلمان بھول گئے ؟۔ کیا سیدنا بلالؓ کی اسلام کی خاطر دی جانے والی تکالیف کو مسلمان بھول گئے ؟۔ ان تمام اکابرین اسلام نے اپنی جان کو، اپنے مال کو اور اپنی اولاد کو قربان کرتے ہوئے دین اسلام ہم تک پہنچایا ہے۔ لہذا انہیں چاہیئے کہ ہم خود بھی اسلام پر چلیں اور اپنی اولاد کو بھی سچا مسلمان بنائے۔

مسجد باؤلی اندرون زیبا باغ کیلئے تعاون کی اپیل

حیدرآباد،23اپریل۔(نیوز کلب) مسجد باؤلی اندرون زیبا باغ آصف گنج کی انتظامی کمیٹی نے اہل خیر اصحاب سے مسجد کے تعمیری کاموں میں مالی تعاون کی اپیل کی ہے اور اس تعمیری کام میں تعمیری اشیاء مانند، سیمنٹ، اسٹیل اور پتھر بھی دیا جاسکتا ہے۔ مسجد کی تعمیر کیلئے کافی مالی اخراجات ہورہے ہیں جہاں پر تقریباً 15 سو نماز ادا کرسکیں گے۔ صدر کمیٹی محمد مقبول احمد اور معتمد ڈاکٹر محمد غلام رسول صدیقی نے بتایا کہ اہل خیر اصحاب فون نمبر 9440230754 پر رابطہ کریں۔

دو روزہ جشن نعت کا عظیم الشان انعقاد

حیدرآباد، 23اپریل (راست) مرکزی بزم میلاد النبیؐ کے (700) ویں اجلاس کی تکمیل ومسرت میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور رسول پاکؐ کے احسان ورحمت وہدایت پاک فیضان پر ہدیہ تشکر پیش کرنے دو روزہ جشن نعت کا عظیم الشان انعقاد مسجد حضرت مولوی محمد زماں خانصاحب شہیدؒ روپ لال بازار میں 29، 30 اپریل کو بعد نماز عشاء 9 بجے شب عمل میں لایا جارہا ہے۔ جس کی نگرانی سید شاہ احمد علی تاجی شرفی القادری فرمائینگے۔ مقامی ودیگر نعت خوان حضرات وشعرائے کرام نعت پاک پیش کرنیکی سعادت حاصل کرینگے۔ باذوق سامعین ونعت خواں حضرات سے پابندی وقت شرکت کی گذارش ہے۔

نرسنگ، ٹیلرینگ اور اردو کی مفت کلاسیس

حیدرآباد، 23اپریل۔(راست) شفق فاطمہ ویلفیر ایجوکیشنل سوسائٹی شاہ آباد، چندرائن گڈہ میں طالبات وخواتین کیلئے 45 روزہ نرسنگ، ٹیلرنگ، اور اردو اسپوکن اینڈ لینگویج میں نرسنگ، ٹیلرنگ، ایڈوانس ایمبر ایڈیری کی مفت تعلیم دی جائے گی۔ یہ کیمپ 1 مئی سے 15 جون تک منعقد ہوگا۔ اس کے علاوہ صرف نرسنگ کورس میں لڑکوں کیلئے بھی داخلے جاری ہیں۔کورس مکمل کرنے والوں کو ڈپلوما سرٹیفکیٹ دیا جائیگا ۔ تفصیلات کیلئے: 9391582924 یا 7675011142 پر رابطہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔سنٹر میں غریب طالبات ،یتیم ، بیواؤں وغیرہ کو مفت تکنیکی تعلیم ودیگر کورسس کی مفت تربیت دی جاتی ہے۔ اس کیلئے اہل خیر حضرات اداروں کو تعاون کرنا چاہتے ہیں تو بھی رابطہ پیدا کرسکتے ہیں۔

مدرسہ نور العلوم میں گرمائی دینی تعلیم کیمپ

حیدرآباد،23اپریل۔(راست) ۔ الحاج صوفی شاہ محمد عقیل احمد انصاری باغی وناظم مدرسہ نور العلوم اسد باباکمرگشن باغ حیدرآباد امت مسلمہ خصوصاً کشن باغ کے رہنے والے برادران اسلام سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو مدرسہ نور العلوم میں اسکول کے طلبہ وطالبات کے لیے منعقدہ 45 روزہ دینی تعلیمی سمر کیمپ کلاسز سے استفادہ کروائیں۔ جس میں ناظرہ ' قرآن پاک کو باتجوید پڑھایا جائے گا دینیات 'مسنون دعائیں' احادیث شریفہ۔قرات کام' پاک 'نعت شریف 'وضو نماز کی عملی مشق اور ضروری مسائل دینیہ سکھائے جائیں گے 25 اپریل سے لے کر 10 جون تک چلنے والے ان ان کلاسز کے اوقات صبح نو بجے سے دو بجے تک اور دوپہر 2 بجے سے لے کر شام سات بجے تک رہیں گے ۔ جیید علماء کرام کی نگرانی میں لڑکے اور لڑکیوں کے لیے علیحدہ کلاسز اور لڑکیوں کیلئے حافظہ عالمہ خاتون معلمات کا انتظام رہے گا۔ تفصیلات کے لیے موبائل نمبر 9849798180 پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے

ماہانہ جشن پیرؒ

حیدرآباد، 23اپریل (راست) ماہانہ جشن پیرؒ 18 اپریل کو بعد نماز عشاء غلام گاہ و پیر سید ابراہیم شاہ قادریؒ غلیل واقع نئو چھوٹی مسجد مرادنگر میں مقرر ہے۔ جس میں محفل سماع ہوگی ، پیر سید ابراہیم شاہ قادری غلیل نگرانی کریں گے ۔ مزید معلومات 9391099225 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

25 سالہ عرس مبارک

حیدرآباد، 23اپریل۔(راست) پیرزادہ محمد ابراہیم شاہ قادری مبتاری کے بموجب یہ فیض روحانی امیر المشائخ حضرت پیر سید امیر شاہ قادریؒ کے مجاز خلیفہ پیر طریقت حضرت پیر محمد مختار شاہ قادری الامیریؒ کا 25 سالہ سہ روزہ عرس مبارک ان شاء اللہ تعالیٰ بتاریخ: 22 شوال المکرم تا 24 شوال المکرم بمطابق 2 مئی تا 4 مئی بروز جمعرات تا ہفتہ بمقام آستانہ قادری گلشن ،وڈن کھیرا کراس، ہنماباد، کرناٹک میں مقرر ہے۔ ان تقاریب عرس مبارک کی سرپرستی حضرت پیر سید غوث علی شاہ قادری، صدارت حضرت سید ابراہیم شاہ قادری (خلیل صاحب) اور نگرانی حضرت محمد افتخار شاہ قادری فرمائیں گے۔ 22 شوال بروز : جمعرات بعد نماز مغرب روائتی جلوس صندل مبارک ،صندل مالی اور محفل سماع منعقد ہوگا۔ 23 شوال بروز جمعہ بعد مغرب جشن محفل چراغاں، فاتحہ خوانی ومحفل سماع ہوگا۔

ماہانہ فاتحہ

حیدرآباد، 23اپریل (راست) ماہانہ فاتحہ حضرت سیدنا بابا بہاؤالدین سہروردیؒ واقع خواجہ گوڑہ مٹی کوٹہ میں 15 شوال المکرم مطابق 25 اپریل کو بعد نماز ظہر مقرر ہے جس میں تبدیلی غلاف مبارک وچادر گل پیش کی جائیگی۔ حضرت شاہ محمد رحیم الدین خلیل سہروردی سجادہ نشین حضرت بابا فخر الدینؒ سہروردی المعروف میٹھے شاہ ولی کی سرپرستی میں محفوظ قادری رضوی سہروردی سجادہ نشین مراسم انجام دینگے۔ مزید معلومات 9700019544 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

☆☆ خانقاہ مستوفی عالیہ قادریہ چشتیہ واقع جلی بلڈنگ مسجد شکور گوٹی پورہ میں 21 شوال مطابق یکم مئی بروز چہارشنبہ بعد نماز مغرب مقرر ہے۔ حضرت سید شاہ حسن قادری دیبائی کی حسنی حسینی مستوفی نگرانی کرینگے ۔ مزید معلومات فون نمبر 9912540176 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

☆☆ ماہانہ فاتحہ حضرت بابا شہاب الدین شہروردیؒ واقع حشن آباد میں 21 شوال مطابق یکم مئی بروز چہارشنبہ بعد نماز عشاء مقرر ہے ۔ حضرت سید شجاع الدین سیتی قادری شہروردی سجادہ نشین ومتولی نگرانی کرینگے اور مراسم انجام دیں گے۔ مزید معلومات 9063778616 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

اعراس شریف

حیدرآباد ،23اپریل (راست)236 واں سالانہ عرس شریف حضرت سید شاہ غلام حسن شطاریؒ (اول) المعروف حضرت شاہ ابن قبلہؒ حضرت سید شاہ صاحب پیراں شطاریؒ بمقام اندرون پرانی حویلی میں 16 شوال بروز جمعہ کو بعد نماز مغرب صندل مالی چادر گل فاتحہ خوانی تقسیم تبرک مراسم عرس مولوی سید شاہ طاہر حسین شطاری سجادہ نشین ومتولی انجام دیں گے۔ 9 بجے شب محفل چشت سماع زیر نگرانی مولوی سید شاہ طاہر حسین شطاری مقرر ہے۔ عرس کے موقع پر علاء کرام مشائخین عظام بھی شرکت کریں گے۔ شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

☆☆ عرس شریف حضرت سید اشرف الدین اولیاءؒ المعروف حضرت پیر غیب قبلہؒ و اقعہ کربلا کے سلطان پور کی منڈل ضلع وقار آباد میں 25،26 اپریل بروز جمعرات و جمعہ کو مقرر ہے۔ جملہ مراسم عرس الحاج محمد عثمان متولی و سجادہ نشین انجام دیں گے۔ مزید معلومات 9246157806 پر حاصل کریں۔ پروگرام کے مطابق 15 شوال بروز جمعرات کو بعد مغرب چندن مالی و جلسہ عظمت اولیا مقرر ہے۔ 26 اپریل کو چراغاں ہونگے بعد مغرب حضرت پیر زادہ سید شبیر تقشبندی سجادہ نشین اسلامی کے سر بلندی، عالمی امن کیلئے دعا کریں گے بعد محفل سماع ہوگی۔

☆☆ دو روزہ عرس حضرت شاہ محمد صدیق قبلہ سوداگرؒ چشتی قادری مرزائی واقع خواجہ پہاڑی تاڑبن میں آج سے آغاز ہوا۔ 24 اپریل بروز چہارشنبہ کو 10 بجے دن تک کلام مجید، ختم خواجگان، محفل سماع بعد عصر چادر گل پیش کی جائے گی جملہ مراسم عرس حضرت شاہ ارشد محمد صدیق چشتی قادری مرزائی سجادہ نشین انجام دیں گے۔ محمد نواز نے شرکت کی اپیل کی ہے۔ مزید معلومات 9701962913 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

عرس شریف

حیدرآباد،23/مارچ (راست) حضرت مولانا ابوالحسن مسجد معز الدین شاہ محمدی قادری نقشبندی چشتیؒ امام وخطیب مسجد فخر السلام (عالم وفاضل ، جامعہ نظامیہ) بعد نماز عشاء محفل نعت 9:30 بجے شب و بعد 10 بجے شب محفل سماع منعقد ہوگا ۔ تاریخ 16 شوال المکرم مطابق 26 اپریل 2024 بروز جمعہ بعد محفل تبرک وطعام ماحرآفیسے شرکت کی گذارش کی جاتی ہے ۔ مجمع وابستان سلسلہ معتقدین سے شرکت کی گذارش کی جاتی ہے ، بمقام آستانہ عالیہ قادریہ چشتیہ مشتوفیہ مرغابیہ مقبرہ فخر الاسلام مرشکاری محلہ یاقوت پورہ برابر ابراحیدرآباد ، زیر نگرانی حضرت مولانا صوفی محمد علی الدین شاہ محمدی قادری نقشبندی چشتیؒ عرفانی کرینگے۔

مدرسہ اسلامیہ انوار العلوم رحمانیہ میں جدید داخلے جاری

پانچ سالہ مختصر مدتی عالم کورس و ایک سالہ انگریزی ڈپلومہ کا آغاز

حیدرآباد،23اپریل۔(پریس نوٹ) جامعہ اسلامیہ دارالعلوم رحمانیہ ، شہر حیدرآباد کا قدیم ترین ادارہ ہے 54 سالہ خدمات کے سبب جنوبی ہند کا معروف ادارہ ہے، یہ ادارہ چار دہائیوں سے ملت کو قابل، باصلاحیت ، دینی اور اسلامی رہنما، علماء، حفاظ اور مفتیان کرام فراہم کرتا آرہا ہے، جس میں ۱۲ روال المکرم سے داخلوں کا آغاز ہو چکا ہے، جہاں شعبہ حفظ ، ناظرہ قرآن مجید کے علاوہ درجات عالمیت میں دورہ حدیث شریف تک کی معیاری تعلیم کا ماہر اساتذہ کرام کی نگرانی میں نظم ہے۔ (۱) شعبہ حفظ: کے لیے ناظرہ قرآن مجید باتجوید پڑھا ہوا ہونا ضروری ہے۔ (۲) شعبہ عالمیت: کی تمام جماعتوں میں داخلے مذبرہ لیتحان ہوں گے ۔ (۳) شعبہ افتاء: میں داخلہ کے مندرجہ ذیل شرائط کا تقیہ پیش کرنا لازمی ہے۔ (۴) شعبہ تکمیل ادب: میں داخلہ کے خواہش مند طلبہ کی کثرت کی وجہ سے داخلے محدود ہوں گے۔ (۵) شعبہ ناظرہ وقاعدہ: میں طلبہ کی کثرت کی وجہ سے داخلے محدود ہوں گے۔ (۶) پانچ سالہ مختصر مدتی عالم کورس: جامعہ ہذا کے تحت اس سال سے پانچ سالہ مختصر مدتی عالم کورس کا دارالاقامہ کی سہولیات کے ساتھ آغاز ہو رہا ہے، جس میں جید وماہر فن، تجربہ کار اور معیاری اساتذہ کرام کی خدمات حاصل رہینگی۔ (۷) ایک سال انگریزی ڈپلومہ کورس: جامعہ ہذا میں امسال ایک سالہ انگریزی ڈپلومہ کورس کا آغاز ہوگا، جس میں انگریزی سے انگریزی کے معیاری اساتذہ کی خدمات حاصل رہے گی، حافظان قرآن اور عالم کورس کی تکمیل کے بعد انگریزی کے داخلے کیے جاسکتے ہیں۔ (۸) شعبہ عصری تعلیم: (انگریزی میڈیم) میں پرائمری تا ہیس لیس سی برائے سال کے لیے محدود نشستوں پر داخلے جاری ہیں۔ اوقات طالبات: صبح 9 تا 12 اور دوپہر 3 تا 5 ،مزید تفصیلات کیلئے 9849223211، 8463936513 پر رابطہ کریں۔

گرمائی اخلاقی تربیتی ٹیوشن سنٹر نے نصاب کی مفت فراہمی

حیدرآباد،23اپریل۔(راست) محمد نعیم الدین (خادم اصلاح معاشرہ حیدرآباد) کے بموجب گرمائی اخلاقی تربیتی ٹیوشن سنٹر کا کیمپ کل کا پہلا اسکول اردو اور انگریزی میں دیتیاب ہے۔ اسکول محلہ واضلاح دیباتوں کے مساجد میں گرمائی تربیتی ٹیوشن سنٹر آغاز کرنے کیلئے اخلاق وآداب زندگی، ماں باپ کی خدمت ٹرافک رولس صحت کا راز ووضو،نماز کے عملی تربیت بمشتمل مفوظوں چارٹس مفت فراہم ہے۔ اوقات 9 بجے سے 12 بجے تجھیر اور خاطصوحب کی نگرانی میں ایسے طور پر یہ ٹیوشن سنٹر قائم کرسکتے ہیں جس کیلئے نصاب مفت فراہم کیا جارہا ہے۔ نصاب ویب سائیٹ www.allahsharia.com یا موبائیل نمبر 9396420658 پر رابط پیدا کرکے نصاب حاصل کیا جاسکتا ہے۔ مسجد خلیل بندھن روڈ نظام آباد میں گرمائی اخاقی تربیتی ٹیوشن سنٹر میں داخلے جاری ہے

منبر ومحراب فاونڈیشن کے مراکز نسوان کے نئے تعلیمی سال کا آغاز

طالبات وخواتین اپنے اپنے مرکز سے رجوع ہوں۔ غیاث احمد رشادی

حیدرآباد، 23اپریل۔(پریس نوٹ) مراکز نسوان کے منیجر مولانا حبیب الرحمان حسامی اور مولانا غیاث احمد رشادی صدر منبر ومحراب فاونڈیشن انڈیا نے